# دولہا، دلہن پر گلاب کے پھول نچھاور کرنے کا حکم

**مجیب:** مولانا محمد سعید عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3226

**تاریخ اجراء:** 27ربیع الثانی1446ھ/31اکتوبر2024ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

دولہا دلہن پر گلاب کے پھول نچھاور کرنا اور ان کے راستے میں بچھانا کیسا؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

دولہا دلہن پر گلاب کے پھول نچھاور کرنا اور ان کے راستے میں بچھانا، جائز ہے، کیونکہ اس طرح پھول نچھاور کرنے اور بچھانے میں عرف ہے، نیز اس طرح ماحول میں کشش و رونق پیدا ہوتی ہے، خوشبو پھیلتی ہے تو یہ بھی اس کا ایک استعمال ہے، اس لئے اس کو اسراف بھی نہیں کہا جاسکتا۔ امیر اہلسنت ابو بلال محمد الیاس عطار قادری دامظلہ العالی سے "مدنی مذاکرے" میں سُوال ہوا کہ "آجکل لوگ شادیوں میں دُولھا اور دُلہن پر پُھول بَرساتے ہیں، کیا یہ اِسراف ہے؟

تو آپ نے جواباً ارشاد فرمایا: "شادیوں میں دُولھا اور دُلہن پر پُھول بَرسانے کو اِسراف نہیں کہیں گے کیونکہ اِس پر عُرف ہے۔ پُھول پہنائے جانے کو گُل پوشی اور پھول نچھاور کرنے کو گُل پاشی کہتے ہیں۔ گُل پاشی عُلَما پر باکثرت ہوتی ہے اور اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہ جُلُوسِ میلاد میں بھی ہوتی ہے۔ دُولھا دُلہن پر گُل پاشی کرنا شَرعی طور پر ناجائز نہیں ہے اور اسے اِسراف بھی نہیں کہا جاسکتا اِس لیے کہ گُل پاشی سے خُوشبو پھیلتی ہے اور ماحول میں ایک کشش اور رونق پیدا ہوتی ہے تو یُوں اِس کا کچھ نہ کچھ فائدہ اور مقصد ہے۔ اب لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ گُل پاشی کرنے سے پُھول پاؤں تلے آئیں گے حالانکہ یہ پُھول سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے پسینے سے پیدا ہوئے ہیں، لِہٰذا گلاب کے پُھولوں کی بے اَدَبی ہو گی تو یہ ایک عوامی تَصَوُّر ہے۔ بعض رِوایات میں یہ ہے کہ گلاب کا پُھول سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مُبارَک پسینے سے پیدا ہوا ہے لیکن مُحَدِّثین نے ایسی رِوایات پر بڑی جَرح اور بڑا کلام کیا ہے اور اکثر مُحَدِّثین کے نزدیک یہ رِوایات مَن گھڑت ہیں۔ بالفرض اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ پُھول بننے کا سبب سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا پسینا

ہے، تب بھی شاید یہ گُل پاشی کے ناجائز ہونے کی وجہ نہ بن سکے۔(دولہا پر پھول نچھاور کرنا کیسا (ملفوظاتِ امیر اہلسنت)، ص2، 1، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net